پارہ 25 اِلَیۡهِ یُرَدُّ

استاذہ عفت مقبول کے ساتھ

قرآن و سنت کی روشنی میں
ہدایت کا سفر

2019

دَورَۃُ القُرآن

رشتے جوڑیئے

پارہ 25

- انسان کا علم اللہ کے علم کے آگے کچھ نہیں۔ اللہ سے علم میں اضافے کی دعائیں مانگی ہیں۔
- قیامت کا آنا یقینی ہے۔ دنیا میں کھو کر آخرت سے بے خبر نہیں ہونا۔
- توبہ گناہوں کی معافی کا ذریعہ ہے۔ خلوص کے ساتھ اللہ کے سامنے جھکنا ہے، سچے دل سے توبہ کرنی ہے۔
- درگزر کرنا بدلہ لینے سے بہتر ہے۔ درگزر کرنا ہے۔

دورۃ القرآن 2019

نور القرآن
Quran

پارہ 25

ایک شخص نے بلند آواز سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قیامت کب ہو گی؟ یہ واقعہ سفر کا ہے وہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ دور تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں ہاں وہ یقیناً آنے والی ہے تو بتا کہ تو نے اس کے لیے تیاری کیا کر رکھی ہے؟ اس نے کہا اللہ اور اس کے رسول کی محبت آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو ان کے ساتھ ہو گا جن سے تو محبت رکھتا ہے

دورۃ القرآن 2019

نورالقرآن Quran

پارہ 25

حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی بھی اپنے نفس کا بدلہ کسی سے نہیں لیا ہاں اگر اللہ کے احکام کی بے عزتی اور بے توقیری ہوتی ہو تو اور بات ہے۔

حدیث میں ہے کہ مومن کو جو تکلیف سختی غم اور پریشانی ہوتی ہے اس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اس کی خطائیں معاف فرماتا ہے یہاں تک کہ ایک کانٹا لگنے کے عوض بھی۔

دورۃ القرآن 2019

پارہ 25

- آسانی میں شکر اور تنگی میں صبر مومنوں کی صفت ہے ان صفات کو اپنانا ہے۔
- اللہ کی دی ہوئی آزادی اور اختیار کو اللہ کی نافرمانی میں استعمال نہیں کرنا۔ اللہ کا فرمانبردار بننا ہے۔
- نیکیوں کا اجر و ثواب اللہ کے ہاں ملے گا۔ وہ متاعِ دنیا سے کہیں بہتر ہے۔ دنیا کو آخرت پر ترجیح نہیں دینی۔
- آباواجداد کی اندھی تقلید نہیں کرنی۔ حق کو پہچانا ہے۔